سوال

(280) پلکوں کے پھڑکنے کی شرعی حیثیت

جواب

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

ہمارے بوڑھے آنکھوں کی پلکوں کے پٹھوں کے پھڑکنے کے متعلق عجیب باتیں بتاتے ہیں جب ڈاکٹر اسے آنکھ کی کمزوری لاعلاج اور مولوی دم درود والے اس کا دم بھی نہیں بتاتے کیا اس میں کوئی عمیق اشارہ حالات آدم کے متعلق بھی ہے ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

آنکھوں کی پلکوں کے پٹھوں کے پھڑکنے کا سب سے بہتر دم "سورۃ فاتحہ" پڑھ کر دم کر دیا جائے باذن اللہ درست ہو جائے گا دراصل یہ کمزوری جسمانی تغیرات کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے اس کا سب سے بہتر علاج خلوص نیت سے اللہ کی طرف رجوع ہے اور سورۃ فاتحہ قرآن کے جملہ مضامین کا خلاصہ ہے جو اللہ سے لگاؤ کا بہترین ذریعہ ہے

ھذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

ج1ص577

محدث فتویٰ